



ستی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ فیصل آباد

سٹریٹیجک پالیسی یونٹ

انسٹیٹیوٹ آف لرننگ

محکمہ تعلیم

سکول کی ہمہ جہت ترقی

(Whole School Development)

اساتذہ کا چھ روزہ تربیتی ماڈیول (حصہ اول)



ماڈیول 301

(مئی 2006ء)

GHK

GHK in Association with ARCADIS BMB Management Consultants

DFID Department for International Development

تربیتی ماڈیول سیریز 300

City District Government Faisalabad
Strategic Policy Unit

Whole School Development: A Holistic Approach to Education

(GUIDANCE NOTE)

The trouble with education

In 2000 the Dakar Conference in Senegal rallied the international community to put education at the top of its agenda for development. It was based on a vision that education was a fundamental human right and held the key to unlocking the potential of millions of people across the globe ravished by poverty. What followed was a movement that had been gathering pace since the early 1990s and led to the formulation of a global framework captured by the strap line "Education for All". South Asia was singled out as a region where education was facing the greatest number of hurdles. Other subsequent international meetings such as the World Summit for Children reinforced findings from Dakar and set the tone for what needed to be done at the national level by states. Pakistan committed itself to education reforms with a number of national interventions most notably the National Education Policy of 1992, the Social Action Programmes (SAP), the Ninth Five Year plans and more recently the National Education Sector Reform Programmes, all of which have education for all as their target.

In spite of these policy interventions education at the local level in Pakistan remains a challenge. Why is this so? The problem is complex but lies at the heart of the nexus between local government and its service delivery mechanisms. In Faisalabad district the education indicators are revealing. While gross enrolment rates appear healthy at 75% in primary schools, the completion rates are substantially lower, particularly for girls. It is believed that almost 50% of the district's children could be out of school. Many primary school posts are unfilled with most teachers at this level only educated to matriculation. In the face of such statistics how does Faisalabad's district government begin to tackle this "arrested development in education"? The answer may lie in an experiment being undertaken in Faisalabad Whole School Development (WSD).

What constitutes whole school development?

In Faisalabad City the District Government is developing a model, Whole School Development as an alternative approach to local education service delivery. If successful it could be an initiative that revolutionises education services in Faisalabad, possibly demonstrating to the rest of Pakistan how it could meet its international commitments and targets for achieving education for all. The vision is about improving the school environment for children and everything is aimed at ensuring that children are seen as pivotal to the process. Their views matter and their needs must be addressed.

The concept advocates changing the way relationships are viewed within the school and community. Working at the grass-roots level the approach supports locating training and resources at the union council level helping schools and communities to identify funding and improve teaching and learning resources. Similarly it embraces all schools in the community, public, private and religious to create a supportive community for all the children in an area. There is a demand and need for creating more child friendly school environments where none have existed previously. When asked schoolchildren have voiced such aspirations "*teachers should respect and love their children*" said one elementary school student in Faisalabad City. Another demanded that teachers should be "*regular, polite, honest and hardworking*" and that she would like enough equipment to be able to take "an interest in science and have access to a library so as to enhance her knowledge and vision".

So who champions this approach? Head teachers, school councils, parents and communities come together to ensure that children are given access to good, effective and interesting education experience the aim being to ensure that they complete schooling. Teachers having proven interest in training and improving education in the district have been trained as master trainers. Support from the community is seen as critical to the success of the process and therefore one member is trained along with the head teacher in the initial stages.

<u>Key components of whole school development</u>




During 2005-6, the programme was piloted in 100 schools in three Towns of the district Tandlianwala, Samundari and Faisalabad City and is now being developed as a model in 500 schools up to 2008.

Training is a critical feature and a new facility for teacher training and professional development, the Institute of Learning, was recently inaugurated to support the programme. Traditional cascade training approaches have failed to change classroom environments for children, neither improving their learning or pedagogy within schools. The failure of these approaches merely compounded more systemic problems. While some training opportunities have existed for teachers *in service* these fell short of what was needed to turnaround the fortunes of education services in the district. The programmes also failed to address *pre-induction* needs - an area that is considered equally important by those in the profession. Moreover courses that were delivered were often held on a sporadic basis and tended to be poorly planned. These courses rarely reflected classroom reality or curricular changes. A different set of problems presented themselves for teachers working in remote rural settings with teachers excluded because they are considered too remote and therefore simply not invited to participate in professional development opportunities, particularly women. The Education Department admits to rarely inviting teachers from rural areas, one argument presented frequently that teachers from far flung areas cannot afford to travel to city training centres. The provisions for meeting training needs in Faisalabad has thus remained limited, although now the new Institute will offer a fresh and more organized approach to meeting the district's needs with the development of satellite training centres close to schools.


The current decentralization impetus supports grass-roots bottom up interventions and the experience of whole school development in countries such as China, India and South Africa supports the view that shared priorities and targets help schools and communities to work together to improve resources. Community ownership of education motivates and helps participatory monitoring of schools.

The Institute of Learning is then at the forefront of implementing whole school development in three phases. In the first phase master trainers from the Institute are given the mandate to sensitize school heads, teachers, communities and parents on whole school development. The team then carries out a detailed analysis of the training needs attainment levels of head teachers and teachers in schools which serve as a baseline. This information is shared with parents and school councils. Head teachers are then trained in how to prepare school development plans. The second phase focuses on working with school heads to finalize their development plans. In the third phase intensive subject-based teacher training is conducted with teachers in schools with the emphasis on developing a child friendly classroom environment, lesson planning and activity based learning. Finally communities, parents and school councils are invited to give their feedback to school heads on how they viewed the training.

<u>The whole school development process in action</u>



This new holistic approach offers an opportunity to tackle the problems facing education in Faisalabad with the training being delivered through a modular approach utilizing purpose-developed materials:



Note: The actual modules which have been developed (Module 1, 2, 5 and 6) and are currently in use are identified in 'bold' and are available for viewing and downloading (www.spu.com.pk). Those still under preparation are identified in italic (Module 3, 4, 7, 8 and 9).

دیباچہ (Preface)

سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ ،سٹریٹیجک پالیسی یونٹ (SPU) کے ذریعے محکمہ تعلیم فیصل آباد" تعلیم سب کیلئے (Education for All)"
کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے سکول کی ہمہ جہت ترقی کے ماڈل (Whole School Development Model) پر عمل
درآمد کررہا ہے۔اب تک چھ یونین کونسلز میں پائلٹ سٹڈیز کی جاچکی ہیں۔ان تجربات کی روشنی میں اور Student Learning
Acivements Baseline Survey کے نتائج کی بنیاد پر ہیڈ ٹیچرز ،سکول کونسلز اور پرائمری سکول کے اساتذہ کیلئے ماہرین
تعلیم نے تربیتی مواد تیار کیا ہے۔

یہ اضافی مواد ''سرگرمیوں پر مبنی تربیت (Activity Based Training)'' سے متعلق ہے جو کہ پرائمری جماعتوں کے
اساتذہ کو بذریعہ سرگرمی (Activity) 'پڑھانے کے طریقہ کار' سے متعارف کرنے میں مدد دے گا۔ یہ مواد باہمی سرگرمیوں پر
مشتمل ہے اور بچوں میں سیکھنے کے عمل کو اس میں مرکزی حیثیت حاصل ہے۔

اساتذہ سکول کی ہمہ جہت ترقی (Whole School Development) کے تحت تیار کردہ تربیتی ماڈیول (حصہ اول) کی
تربیت کے بعد تین ہفتوں کے لیے واپس سکول جائیں گے۔ان تین ہفتوں کے دوران وہ Practitioner Reflective
Action Research (PRAR) میں مصروف رہیں گے۔جس کے بعد وہ ٹریننگ کے دوسرے حصہ کیلئے آئیں گے۔ یہ مواد
تین مضامین میں مدد دے گا۔اس مواد کی بنیاد اُس کتابچہ (Hand Book) پر ہے جو کہ نصاب سے مربوط ہے۔یہ مواد بچوں
میں سیکھنے کے عمل کو بہتر بنانے اور نصاب کو دلچسپ اور موثر انداز میں پڑھانے میں مدد دے گا۔کمرہ جماعت میں معاونت اور
جائزے کے عمل کو محکمہ تعلیم کے افسران اور ٹرینرز سرانجام دیں گے۔

مجھے امید ہے کہ اساتذہ اس مواد سے بھرطور پر مستفید ہونگے اور ضلع فیصل آباد میں ابتدائی تعلیم کے معیار کو بلند کرنے میں
کامیاب ہونگے۔


چوہدری ذوالفقار حسین
ای ڈی او، ایجوکیشن
سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ فیصل آباد

سکول کی ہمہ جہت ترقی

(Whole School Development)

اساتذہ کا چھ روزہ تربیتی ماڈیول

(حصہ اوّل)





سکول کی ہمہ جہت ترقی

(Whole School Development)

"Cooperative Learning
نے ہمارا بوجھ کم کر دیا ہے۔ ہم بچوں کی غیر حاضری کے سلسلے میں پریشان نہیں رہے کیونکہ اب وہ خوشی خوشی سکول آرہے ہیں۔"

ٹیچر

"ہم اپنا کام کرتے ہوئے بہت خوش ہیں۔ اب ہم اپنے اساتذہ کو تنگ نہیں کرتے۔ ہم ایک دوسرے سے سیکھ رہے ہیں اور ہماری آپس میں دوستی ہوگئی ہے۔"

بچوں کی گروپ ورک پررائے

"بچوں کے ساتھ ہمارا رویہ تبدیل ہوگیا ہے۔ اب ہم جان چکے ہیں کہ بچوں کو سزا دیئے بغیر کیسے پڑھایا جاسکتا ہے۔"

اساتذہ

"ہم نہیں جانتے تھے کہ گورنمنٹ کے علاوہ ہم خود بھی اپنے مسائل حل کرسکتے ہیں۔"

والدین

"ہم اپنی بچیوں کی تعلیم کے بارے میں بہت فکرمند تھے لیکن نہیں جانتے تھے کہ ہم کیا کرسکتے ہیں آپ لوگوں کی طرف سے اس سلسلے میں ہمیں بہت رہنمائی ملی ہے۔"

ایک ماں

"ہم اس بات کے قائل ہوگئے ہیں کہ ہمیں روایتی طریقہ کار چھوڑنا اور نئے طریقہ کار کو اپنانا ہوگا۔ نئے طریقہ کار کو اپناتے ہوئے ہم تدریس سے لطف اندوز ہورہے ہیں۔ ہماری پریشانی ختم ہوگئی ہے اور ہم نے بچوں پر اعتماد کرنا سیکھ لیا ہے۔"

ہیڈ ٹیچر

اساتذہ کا تربیتی پروگرام

(Teacher Training Programme)

حصہ اوّل

☆	پہلا دن	کلاس روم کے ماحول میں بہتری لانا
☆	دوسرا دن	بچے کیسے سیکھتے ہیں؟
☆	تیسرا دن	کلاس روم کی تنظیم اور ملٹی گریڈ ٹیچنگ



سکول میں تین ہفتوں کی مشق

اور Reflective Journal لکھنا



حصہ دوئم

☆	پہلا دن	سرگرمیوں کے ذریعے پڑھانا/ Feed back اور سکول میں کیے گئے کام کی نمائش
☆	دوسرا دن	تعلیم بذریعہ سوالات نیز بچوں اور استاد کی باہمی شرکت
☆	تیسرا دن	مختلف ذہنی صلاحیتوں والے بچوں کو ساتھ لے کر چلنا

- متعلقہ AEO اور Trainers آپکی رہنمائی کیلئے سکولوں میں آئیں گے
- ہیڈ ٹیچر سکول میں آپکی مدد اور رہنمائی کرے گی/ گا

کلاس روم کے ماحول میں بہتری لانا

(ایک دلچسپ تعلیمی ماحول کی تخلیق)

پہلے دن کے مقاصد

تعلیمی ماحول کو بچوں کیلئے بہتر اور خوشگوار بنانا

ڈرائنگ کی اہمیت کو جان کر اس کا کلاس روم میں اطلاق کرنا

اوقاتِ کار (ٹائم ٹیبل)

9.00
آغاز اور تلاوت قرآن پاک

9.15
(سیشن 1) تعارفی سرگرمی

10.30
وقفہ برائے چائے

10.45
(سیشن 2) ریاضی کو دلچسپ بنانا

12.30
(سیشن 3) آؤ اپنی دنیا دیکھیں (Activity & Discussion)

1.15
کھانے کا وقفہ (Lunch Break)

2.00
آج ہم نے کیا سیکھا؟ (Discussion)

تعارفی سرگرمی (ایک دوسرے کو جاننا)

آپ کے خیال میں بچے اس سرگرمی سے کیا سیکھ سکتے ہیں اور آپ اپنے کلاس روم میں اسے کہاں آویزاں کریں گے؟















یہ تمام تصاویر نرسری اور پہلی کلاس کے بچوں نے بنائی ہیں۔ اگرچہ ان بچوں کی حسی و حرکی مہارتوں (Psycho Motor Skills) میں بہت زیادہ فرق ہے لیکن پھر بھی تمام بچے ڈرائنگ کر سکتے ہیں۔

لکھنے کے عمل کا پہلا زینہ ڈرائنگ ہے اس کے ذریعے بچے

- ☆ اپنے تخیل کو استعمال کر سکتے ہیں۔
- ☆ لکھنا سیکھنے سے پہلے وہ دوسروں تک اپنی بات پہنچا سکتے ہیں۔
- ☆ اپنی حسی و حرکی مہارتوں کو بہتر بنا سکتے ہیں۔
- ☆ اس بات کا اظہار کر سکتے ہیں کہ انہوں نے کچھ سیکھا ہے۔

اگر آپ بچوں کی بنائی ہوئی تصاویر کو کلاس روم میں آویزاں کریں گے تو وہ کلاس روم کے ماحول کو اپنا سمجھیں گے۔



دوسرا سیشن — ریاضی کو دلچسپ بنانا

بچے ریاضی کو تصوراتی دنیا میں نہیں سیکھ سکتے۔ اعداد کے تصور کو سمجھنے کیلئے انہیں اعداد کو عملی طور پر استعمال کرنے اور ان کی سرگرمیوں کی مناسب مشق کی ضرورت ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ ایسے بچے جو مارکیٹ میں جا کر خرید و فروخت کرتے ہیں اور روپے پیسے کا درست حساب کتاب رکھ سکتے ہیں وہ اکثر سکول میں جمع و تفریق کے سوالات حل نہیں کر سکتے۔ اس لئے ضروری ہے کہ پہلے وہ اعداد، اشیاء اور ریاضیاتی عمل کا استعمال سیکھیں جب وہ ان تصورات کو سمجھ لیں تو وہ سوالات کو سمجھ بوجھ سے درست حل کر سکیں گے۔ کیونکہ جب بچے رٹے سے سیکھتے ہیں تو وہ عملی زندگی میں استعمال ہونے والے ریاضیاتی تصورات کو کمرہ جماعت میں بھی استعمال نہیں کر سکتے۔

درج ذیل سرگرمیوں کو ریاضی کے مختلف تصورات کی مشق کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً

- ★ پیمائش اور اندراج (اعداد، اونچائی، گراف)
- ★ دکان بنانا اور خرید و فروخت کا حساب کتاب کرنا (جمع اور تفریق)
- ★ گھر سے سکول تک آتے ہوئے دیکھی جانے والی چیزیں (سیٹ، تعداد اور موازنہ)

جو سرگرمیاں آپ نے گروپس میں کی ہیں یہ ریاضی کی Teacher Handbook میں دیکھ سکتے ہیں۔

تیسرا سیشن آؤ اپنی دنیا دیکھیں (Activity & Discussion)

کیا آپ حیران ہوئے جب آپ نے اپنے اور دوسروں کے مشاہدات کا موازنہ کیا؟

مشاہدہ سائنس کی کلیدی مہارت ہے۔ پہلی جماعت سے ہی بچوں کو مشاہدہ کرنا اور اس سے حاصل ہونے والی معلومات اکٹھی کرنا سکھایا جاسکتا ہے۔

بچے عام زندگی کی مختلف اشیاء مثلاً جانور، پودے، پتے اور ذرائع آمدورفت کا مشاہدہ، موازنہ اور درجہ بندی کرسکتے ہیں۔

وقتاً فوقتاً کلاس میں جاندار اشیاء کے مشاہدے کیلئے درج ذیل سرگرمیاں کروائی جاسکتی ہیں۔ مثلاً

- ★ کچھ مچھلیوں کو شیشے کی بوتل میں یا ایک چھوٹے جار میں رکھیں اور روزانہ مشاہدہ کریں کہ وہ کیا کررہی ہیں۔
- ★ مینڈک کے بچے روزانہ مشاہدہ کیلئے بہترین مثال ہیں۔
- ★ جار میں موجود لوبیے کے بیجوں کا "بیج سے پودا بننے تک کے عمل" کا مرحلہ وار مشاہدہ کرنا اور اس کو بیان کرنا۔
- ★ پودوں میں نشوونما کے دوران ہونے والی تبدیلیوں کا مشاہدہ کرنا اور بیان کرنا۔

ان سرگرمیوں کے ذریعے چھوٹے بچے جاندار اشیاء کا مشاہدہ کرتے ہوئے انہیں بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں۔





بچے کیسے سیکھتے ہیں؟

دوسرے دن کے مقاصد

ابتدائی تعلیم موثر انداز
میں کیسے دی جائے

Interactive/Cooperative Learning
کی اہمیت کو سمجھنا

عملی کام اور اس کے متعلق
بات چیت کے استعمال کو جاننا

اوقاتِ کار (ٹائم ٹیبل)

9.00
آغاز اور تلاوت قرآن پاک

9.15
(سیشن 1) Big Book کا استعمال

10.30
وقفہ برائے چائے

10.45
(سیشن 2) بچے کیا جانتے ہیں؟

12.00
(سیشن 3) سرگرمیوں کے ذریعے عدد کا تصور

1.15
دوپہر کا کھانا

2.00
آج ہم نے کیا سیکھا (Discussion)





Big Book کا استعمال

آپ کے خیال میں بچے ایک تصویری کتاب (Picture Book) کی Shared Reading سے کیا سیکھ سکتے ہیں؟



مل کر کہانی پڑھنے سے بچے کئی طریقوں سے سیکھ سکتے ہیں۔ مثلاً

- ★ وہ پیش گوئی کرنا سیکھتے ہیں جو مطالعہ میں ایک اہم مہارت ہے۔
- ★ کسی کہانی میں دیے گئے واقعات کو مختلف انداز اور ترتیب سے بیان کرنا سیکھتے ہیں۔
- ★ تصاویر کے مشاہدہ اور سوالات سے بچوں کے ذخیرہ الفاظ، ان کی تفہیم اور گرامر کے علم میں اضافہ ہوتا ہے۔
- ★ بچے کہانی کے کرداروں کی سمجھ بوجھ کی بنیاد پر دوسرے لوگوں کو سمجھنا سیکھتے ہیں۔
- ★ بچے نئی جگہوں کے متعلق سیکھتے ہیں اور نئے علم کو سابقہ واقفیت کے ساتھ مربوط کر سکتے ہیں۔
- ★ بچوں کے تخیل کو تحریک ملتی ہے۔

اکٹھے مطالعہ کرنے سے بچوں میں اعتماد پیدا ہوتا ہے۔ کہانی کو جاننے کے بعد وہ اپنے طور پر پڑھ سکتے ہیں وہ حروف اور الفاظ کی نشاندہی کر سکتے ہیں اور کہانی کو مزید دلچسپ انداز میں پڑھ سکتے ہیں۔

آپ درسی کتاب کے کسی تصور کے متعلق خود بھی اپنی Big Book بنا سکتے ہیں جو کسی مضمون کو سیکھنے اور دلچسپ بنانے کے ساتھ ساتھ بچوں میں پڑھنے کی اہلیت کو بہتر بناتی ہے۔

Big Books کے لئے چند تصورات:

- ★ کار یا بس کا سفر
- ★ کسی پودے یا درخت کی نشو و نما
- ★ ماحول کو صاف ستھرا رکھنا
- ★ نظمیں یا نغمات
- ★ دادی اماں سے سنی جانے والی کہانیاں
- ★ مہماتی کہانیاں
- ★ سکول کی کہانیاں

اس ضمن میں آپ اپنے یا بچوں کے خیالات سے بھی استفادہ حاصل کر سکتے ہیں اور بچوں سے کتاب کے لئے تصاویر بنوائی جا سکتی ہیں۔

Big Books بناتے وقت:

- ★ ذخیرہ الفاظ کو سادہ اور درسی کتاب کے مطابق رکھیں۔
- ★ کردار دلچسپ ہوں۔
- ★ کہانی کا خاکہ واقعات اور نتائج پر مبنی ہو اور اس میں تجسس بھی ہو۔

بچے عام طور پر مزاح کو پسند کرتے ہیں۔ کیا آپ کوئی مزاحیہ کہانی لکھ سکتے ہیں؟



بچے کیا جانتے ہیں؟

بچے پوچھے گئے موضوع کے بارے میں پہلے سے کیا جانتے تھے؟ نیچے تحریر کریں۔


-
-
-
-
-
-
-
-
-
-

کیا آپ حیران ہوئے ہیں کہ وہ اتنا کچھ جانتے ہیں؟

عام طور پر بچوں کے ساتھ ہمارا رویہ اس طرح کا ہوتا ہے کہ جیسے وہ کچھ بھی نہیں جانتے مگر وہ سکول آنے سے پہلے بہت کچھ جان چکے ہوتے ہیں۔ وہ بولنا اور چلنا سیکھ چکے ہوتے ہیں جو زندگی کے دو پیچیدہ ترین سیکھنے کے عوامل ہیں۔ بچے چیزوں کے بارے میں جو کچھ پہلے جانتے ہیں اگر ہم اسے بنیاد بنا کر سکھانے کا عمل شروع کریں تو بچوں کی لرننگ کو زیادہ موثر بنایا جاسکتا ہے۔ سبق شروع کرتے وقت بچوں سے قریبی ماحول کے متعلق سوالات کیے جاسکتے ہیں۔ مثلاً

★ اگر ہم نقشوں کے بارے میں پڑھانا چاہتے ہیں تو بچوں سے کہا جائے کہ وہ گھر سے سکول تک کے راستے کا نقشہ بنائیں اس طرح ایک چھوٹی سی کتاب بنوائی جاسکتی ہے۔

★ بچوں کو سیاروں (Planets) کے بارے میں پڑھانے سے پہلے انہیں کہیں کہ وہ چاند کی مختلف حالتوں کا مشاہدہ کریں اور اسکی تصاویر بنائیں۔ اس کے بعد آپ انہیں سیاروں کے بارے میں پڑھا سکتے ہیں۔



★ اگر آپ بچوں کو جاندار اشیاء یا جانوروں کے بارے میں پڑھانا چاہتے ہیں تو اس کا آغاز کرنے کے لئے بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے اردگرد موجود جانوروں کے نام بتائیں وہ ان کے بارے میں اور کیا جانتے ہیں؟

★ جانوروں اور ان کے مسکن کے بارے میں آپ نے جو سرگرمیاں کی ہیں انکو آپ سائنس کی Hand Book کے متعلقہ سبق میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔



سرگرمیوں کے ذریعے عدد کا تصوّر

بچوں میں اعداد کے تصور کو فروغ دینے کی ضرورت ہے اور یہ تصور چیزوں کے استعمال اور ان کے مشاہدہ سے پیدا کیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعد بچوں کو نشانات اور علامات کے تصورات تک لے جایا جاسکتا ہے۔

مثال کے طور پر

گیندیں جن سے کھیل سکتے ہیں اور انہیں گن سکتے ہیں۔	نشانات سے ظاہر کی گئی تعداد	6 چھ کے لئے عددی علامت

اعداد کا تصور دینے کیلئے بہت سے کھیل ایسے ہیں جو ہم بار بار بچوں کے ساتھ کھیل سکتے ہیں۔

مثلاً

1۔ سانپ اور سیڑھی کا کھیل	⟷	گنتی اور اعداد کی شناخت کیلئے
2۔ ریس گیم	⟷	گنتی نشانات اور اعداد
3۔ اعداد کی پہچان	⟷	عدد اور علامت کی شناخت
4۔ ایڈر (Adder)	⟷	جمع اور تفریق کیلئے عدد لائن
5۔ ڈومینوز (Dominoes)	⟷	جمع، تفریق، ضرب اور تقسیم کیلئے





کلاس روم کی تنظیم اور ملٹی گریڈ ٹیچنگ

تیسرے دن کے مقاصد

ٹیچر کو بڑی کلاسوں کو منظم کرنے کے قابل بنانا

مربوط عنوانات کی تدریس کیلیے مناسب حکمت عملی استعمال کرنے کے قابل بنانا

مختلف عمر اور مختلف کلاسوں کے بچوں کیلیے تعلیمی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کرنے کے قابل بنانا

اوقات کار (ٹائم ٹیبل)

9.00
آغاز اور تلاوت قرآن پاک

9.15
(سیشن 1) کلاس روم میں گروپ لرننگ کی تنظیم

10.30
وقفہ برائے چائے

10.45
(سیشن 2) سرگرمی "میرا گھر"

12.00
(سیشن 3) مربوط سرگرمیاں

1.15
وقفہ برائے کھانا

2.00
آج ہم نے کیا سیکھا (Discussion)

پہلا سیشن — کلاس روم میں گروپ لرننگ کی تنظیم

کلاس روم میں گروپ لرننگ کی سرگرمیوں کیلئے تیاری بہت ضروری ہے۔

- ★ ان سرگرمیوں کیلئے درکار تمام وسائل مثلاً پیپر، پنسل وغیرہ پہلے سے موجود ہونے چاہئیں۔
- ★ ہر گروپ کیلئے الگ الگ سرگرمی تیار ہونی چاہیے۔
- ★ ہر دن کیلئے تمام اسباق پر مشتمل ٹائم ٹیبل تیار ہونا چاہیے۔

مثال کے طور پر

تمام کلاسز کو کسی سرگرمی مثلاً "Teacher Says" کے ذریعے تدریس کیلئے تیار کرنا۔

کلاس اول:	کھیل ہی کھیل میں جسم کے حصوں کے نام پڑھنا اور لکھنا۔
کلاس دوم:	ٹیچر ریاضی کا کوئی سبق پڑھائے گا۔
کلاس پنجم:	بچے ڈائجسٹو سسٹم کے بارے میں ٹیکسٹ بک سے پڑھیں گے اور اس سسٹم کی ڈرائنگ کریں گے۔ (پنجم کلاس کے بچے کلاس اول کے بچوں کے جوابات بھی چیک کریں گے)

اس مثال میں تمام بچے ایک ساتھ سیکھ رہے ہیں۔ ٹیچر نیا سبق سیکھنے والے بچوں (کلاس دوئم) کے ساتھ مصروف ہے جبکہ پانچویں کلاس کے بچے کلاس اول کے بچوں کو Peer Teaching کے ذریعے پڑھا رہے ہیں۔

(Peer Teaching سے مراد بڑی کلاس کے بچوں کا چھوٹی کلاس کے بچوں کی پڑھنے میں رہنمائی کرنا ہے)

حکمت عملی برائے نظم و ضبط

1۔ کلاس روم کے قواعد و ضوابط بنانے اور استعمال کرنے میں بچوں کو شامل کیا جائے۔

2۔ بچوں کے گروپس بنائے جائیں۔ ہر گروپ کو بیٹھنے کیلئے مناسب جگہ اور گروپ کی شناخت کیلئے نام دیا جائے۔ ہر گروپ اپنی اپنی تعلیمی سرگرمی کو انجام دینے کا ذمہ دار ہو۔

3۔ بہتر ہے کہ گروپ لیڈر بنائے جائیں۔ بعض اوقات صرف گروپ لیڈرز کو ہی سرگرمی کیلئے ہدایات دی جائیں اور وہ جا کر اپنے اپنے گروپ میں سرگرمی کروائیں۔

4۔ Peer Teaching میں بڑے بچے چھوٹے بچوں کی مختلف طریقوں سے مدد کر سکتے ہیں۔ مثلاً

- ☆ بڑے بچے چھوٹے بچوں کیلئے کوئی کہانی یا کتاب پڑھیں۔
- ☆ چھوٹے بچوں کے خیالات کو لکھیں۔

☆ چھوٹے بچوں کی کھیلوں یا سرگرمیوں میں رہنمائی کریں۔
☆ چھوٹے بچوں کی تدریس کا جائزہ لیں۔
☆ سکول میں اور سکول سے باہر ہونے والی گروہی سرگرمیوں میں رہنمائی کریں۔
☆ چھوٹے بچوں کی مختلف سرگرمیوں اور کھیلوں کیلئے مواد تیار کریں۔

5۔ ٹائم ٹیبل کو نمایاں جگہ پر آویزاں کیا جائے تاکہ بچوں کو تمام دن میں ہونیوالی سرگرمیوں کا علم ہو۔

6۔ گروپس میں سرگرمیوں کو باہم تبدیل کرتے رہیں تاکہ ہر گروپ ہر سرگرمی میں حصہ لے سکے اور اس کے بارے میں بات چیت کر سکے۔

7۔ بچوں کو کلاس روم میں آتے ہی تدریس پر آمادہ کرنے کیلئے مندرجہ ذیل سرگرمیاں کروائی جا سکتی ہیں مثلاً "Teacher Says"......"I spy with my"، ڈرائنگ کرنا، کتاب پڑھنا یا اپنے ہوم ورک کا جائزہ لینا۔ بچوں کو سرگرمی کے مطابق اپنے آپ کو خاموشی سے منظم کرنے کیلئے بیٹھنے کو کہیں یا اگر وہ بات چیت کرنا چاہتے ہیں تو انہیں آہستگی سے ایسا کرنے کا موقع دیا جائے۔

8۔ بڑی کلاس کو کسی کھیل یا مطلوبہ سرگرمی کے مطابق گروپس میں تقسیم کریں۔

کلاس کنٹرول:

ٹیچر کلاس میں بچوں کی رائے سے کوئی مخصوص اشارہ طے کرے اور بچوں کی توجہ حاصل کرنے کیلئے اس اشارہ کو استعمال کرے۔ کچھ ممکنہ اشارات درج ذیل ہیں:

☆ ٹیچر ہوا میں اپنے ہاتھ ہلائے اور بچے بھی دیکھتے ہوئے خاموشی سے اپنے ہاتھ ویسے ہی ہلائیں۔
☆ تالی بجانا
☆ گھنٹی بجانا

جہاں تک ممکن ہو کنٹرول کے لئے اونچی آواز کے استعمال سے گریز کیا جائے کیونکہ اس سے شور زیادہ ہو جاتا ہے۔ کلاس سے گفتگو کرتے ہوئے اپنی آواز دھیمی رکھیں تاکہ بچوں کو متوجہ ہونا پڑے۔ کلاس میں داخل ہوتے ہی پہلی بات ایسی کہیں جس کا ردعمل عملی ہو مثلاً "Stand Up" یا اپنا ہوم ورک نکالیں۔ سب سے پہلے وہ کام کرنے کی کوشش کریں جس میں سب بچے شامل ہوں۔ اگر ٹیچر کا کلاس کے ساتھ رویہ دوستانہ ہے تو بچوں میں اعتماد پیدا ہوگا اور ہر بچہ کوئی نہ کوئی دلچسپ لطیفہ یا کہانی سنائے گا۔ اسی طرح وہ راستے میں دیکھے ہوئے کسی دلچسپ واقعہ کو بھی بیان کر سکتا ہے۔ بعض اوقات کلاس کنٹرول کے لئے ٹیچر پوری کلاس کو کہانی سنا سکتا ہے۔

دوسرا سیشن

سرگرمی ''میرا گھر''

سرگرمیاں جو اس سیشن میں کی جا سکتی ہیں

نرسری: اپنے گھر کی ڈرائنگ بنائیں اور اردو میں ان کے بارے میں بات چیت کریں۔

کلاس اول: بنیادی الفاظ کو لکھی ہوئی شکل میں سیکھیں اور تصویر بنائیں اور اس کو اردو میں لیبل کریں۔

کلاس دوم: گھر میں موجود جاندار اور بے جان اشیاء کی فہرست تیار کریں۔ (سائنس)

کلاس سوم: میرے گھر میں کون کون رہتا ہے؟ (تمام کلاسز یہ سرگرمی کر سکتی ہیں) معاشرتی علوم

- ★ میرا گھر (My Home) پر ایک کتاب تیار کریں اور گھر میں موجود تمام چیزیں اس میں بنائیں۔
- ★ ریاضی کی مشق کے لئے ایک فہرست تیار کریں مثلاً میرے گھر میں 1 دروازہ ہے، 2 بچے ہیں، وغیرہ وغیرہ۔
- ★ بچوں کو (نقلی نوٹ) کچھ رقم دی جائے اور بچوں سے کہا جائے کہ وہ دکان (دیوار پر چارٹ لگا ہوا ہو) سے چیزیں خرید کرائیں اور حساب کتاب کے بعد بقایا رقم حاصل کریں۔



مربوط سرگرمیاں

ٹیکسٹ بک کا نفس مضمون بتدریج وسیع ہوتا جاتا ہے۔ بنیادی تصورات بچے کی تعلیم کے دوران مرحلہ وار، زیادہ وضاحت اور پیچیدہ شکل اختیار کرتے چلے جاتے ہیں۔ اکثر ایک ٹیچر ملٹی گریڈ ٹیچنگ کیلئے کچھ سرگرمیوں کو اکٹھا کر دیتا ہے اور پھر کسی خاص گریڈ سے متعلقہ کام کروانے کیلئے گروپ کی سرگرمیوں کا طریقہ استعمال کرنا شروع کرتا ہے ایسا کرنے کا ایک بہتر طریقہ یہ ہے کہ کسی دلچسپ عنوان سے شروع کیا جائے۔

مثال کے طور پر The Market, Home and Habitats, The body, Myself My School, Space

کہانیاں، بحث و مباحثہ، نئے الفاظ سیکھنا، ڈرائنگ، Role Play, Puppets پڑھنا اور تفہیم کی مشقیں، ایسی سرگرمیاں ہیں جن کے ذریعے تمام نفس مضمون کو مربوط کیا جاتا ہے۔ ان میں مختلف کلاسوں کے طلبا مل کر کام کرتے ہیں اور سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں۔ پھر اپنی اپنی کلاس کے کے چھوٹے گروپس میں مزید سرگرمیاں انجام دیتے ہیں۔

ان سرگرمیوں کیلئے بڑی اور چھوٹی کلاسوں میں ایک ہی اصول لاگو ہوتا ہے۔

☆ پوری کلاس کی تدریس یا سرگرمی کے بعد کلاس کو مختلف گروپس میں تقسیم کر دیں تاکہ وہ مشق کر سکیں اور زیادہ بہتر طور پر سیکھ سکیں۔
☆ مختلف گروپس کیلئے مختلف سرگرمیاں ہوں اور ان سرگرمیوں کو تمام گروپس میں آپس میں تبدیل کر دیا جائے مثال کے طور پر؛

- کلاس ،انگلش ٹیکسٹ بک کا سبق "Rain" پڑھ رہی ہے۔ ٹیچر سبق کے آغاز میں ایک کہانی کی Shared Reading کروا رہی ہے گروپس کی سرگرمیاں درج ذیل ہیں۔
- سیکھے ہوئے الفاظ کو ذہن نشین کرنے کیلئے "Bingo" یا "Puzzle Game" استعمال کی جاسکتی ہے جن میں تصاویر کو الفاظ کے ساتھ ملا کر ان کے معنی سکھائے جا سکتے ہیں۔
- Role Play کے ذریعے کہانی کو دوبارہ بتانا۔
- Concentration کے ذریعے پڑھے ہوئے الفاظ کو یاد کرنا۔
- کسی کہانی مثلاً Rainy Day کے بارے میں اپنے تجربے کی روشنی میں لکھنا اور ڈرائنگ کرنا۔

(ٹیچر گروپ لیڈرز کو ہدایات دے اور بچے اپنے گروپ لیڈر کی رہنمائی میں کام کریں۔)

سرگرمی کرنے کے بعد گروپس اپنی جگہ تبدیل کریں یا گروپس میں سرگرمیاں تبدیل کروائی جائیں۔ یہاں تک کہ تمام بچے ہر سرگرمی انجام دے سکیں۔ اگر ایسا نہ ہو سکے تو اسے اگلے دن تک جاری رکھ سکتے ہیں۔

Strategic Policy Unit
D.C.O. Office
Near Iqbal Stadium Faisalabad
Pakistan
Tel / Fax: +92 (0) 419201268
Tel / Fax: +92 (0) 419201267
E-mail: email@spu.com.pk
Internet: http://www.spu.com.pk

Education Department
Institute of Learning
Govt. Technical High School,
Peoples Colony, Near D-Ground,
Faisalabad, Pakistan
Tel / Fax: +92 (0) 41 9220538-7
Edu. Dept. Tel: +92 (0) 41 9220342
Edu. Dept. Fax: +92 (0) 41 9220107

Management Consultants
GHK International Ltd.
526 Fulham Road, London, SW6 5NR
United Kingdom
Tel: +44 (0) 20 74718000
Fax: +44 (0) 20 7736 0784
E-mail: email@ghkint.com
Internet: http://www.ghkint.com
Internet: http://www.ghkpak.com